**جناب محمد ہاشم غلزی (قائد حزب اختلاف) :** جناب والا ! اس اجلاس میں جتنے قوانین آرہے ہیں ان میں سے اکثر، میرے خیال میں ، کالے قوانین ہیں ۔ اور یہ قانون بدترین قانون ہے جو آج پیش کیا جا رہا ہے ۔ اس قانون کے تحت سپیشل کورٹ کو اختیار دیا جا رہا ہے کہ وہ آئندہ مقدمات کا فیصلہ کرے اور اس طرح مقدمات عدلیہ کے سامنے نہیں جائیں گے اور پہلے ایک سپیشل کورٹ کے سامنے پیش کیے جائیں گے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس قانون کی کوئی ضرورت نہیں ہے ۔ ھمارے پاس اب تک جو قوانین چلے آ رہے ہیں یعنی جو انگریز کے زمانے سے قوانین چلے آرہے ہیں ان میں دفعہ ۱۲۱ ، ۱۲۲ ، ۱۲۳ اور دفعہ ۱۲۴ ہیں ان میں ہر قسم کے مقدمات کے لیے کافی مواد موجود ہے اور ان پر عمل ہوتا رہا ہے اور اسطرح کام چلتا رہا ہے ۔ پاکستان بننے کے ۲۸ سال بعد تک ان قوانین سے کام چلتا رہا ہے ۔ اب موجودہ حکومت نے ، پیپلز پارٹی کی حکومت نے اس کی ضرورت کیوں محسوس کی کہ وہ اس قسم کے کالے قوانین یا مارشل لاء ریگولیشن کو قانونی شکل دیکر عوام پر مسلط کرنے کی کوشش کرے ، اگر گذشتہ قوانین سے کام چلتا رہا ہے تو اسکی کیا ضرورت تھی ؟ میں اس قانون کو ''جرگہ'' کہونگا اور سپیشل کورٹ نہیں کہونگا ۔ اس کالے قانون کو پاکستانی عوام پر اسلئے مسلط کیا جا رہا ہے تاکہ مخالف پارٹیوں اور حزب اختلاف کے لوگوں کو ان کے جمہوری حق سے محروم کیا جائے اور اپوزیشن کو یہ موقع نہ دیا جائے کہ وہ حکومت کی بیجا کارروائیوں پر نکتہ چینی کر سکے ۔ میرے خیال میں

اسکے علاوہ اس قانون کا کوئی اور مقصد نہیں ہے - میں اس کو ''جرگہ'' سے اسلئے تشبیہہ دیتا ہوں کیونکہ سپیشل کورٹ کے جو جج ہونگے انکو فیڈرل گورنمنٹ نامزد کریگی - میری سمجھ میں یہ بات نہیں آتی کہ ہماری عدلیہ کے ہوتے ہوئے ہمارے سپریم کورٹ ، ہائیکورٹ اور چیف جسٹس کے ہوتے ہوئے فیڈرل گورنمنٹ جج کیوں نامزد کریگی - انکو زیادہ معلوم ہو سکتا کہ کونسے جج زیادہ معقول اور اہل ہیں - انکی موجودگی میں حکومت کو یہ اختیار اپنے قبضہ میں نہیں لینا چاہیئے - بجائے اس کے کہ سپیشل کورٹ کے ججوں کا تقرر چیف جسٹس کرے حکومت خود تقرر کریگی - اس میں یقیناً کوئی راز کی بات ہے انتظامیہ عدلیہ کو بھی اپنے مفاد میں استعمال کرنے کی کوشش کر رہی ہے اور اس لئے ہم خیال آدمیوں کو مقرر کریگی تاکہ وہ اسکی مرضی کے مطابق فیصلے کریں - ان ججوں کو حکومت کے نامزد کرنے کی بجائے چیف جسٹس آف پاکستان کو نامزد کرنا چاہیئے - جب حکومت عدلیہ کے اختیارات اپنے ہاتھ میں لے رہی ہے تو اسکا مقصد یہ ہے کہ حکومت آہستہ آہستہ عدلیہ کے اختیارات کو محدود کر کے ختم کر رہی ہے اور مداخلت کر رہی ہے - ایسے قوانین کا آپ بغور مطالعہ کریں تو ملوم ہوگا کہ بہت سی ایسی باتیں ہیں جن سے یہ بات بالکل واضح ہو جاتی ہے کہ حکومت کا مقصد اسکے سوا اور کچھ نہیں کہ ان لوگوں کے خلاف آمرانہ قوانین وضع کیے جائیں جر اس حکومت پر جائز نکتہ چینی کرنے کی کوشش کرتے ہیں - - - -

مثال کے طور پر اس قسم کے نکتے رکھے ہوئے ہیں کہ اسکا اثر مؤثر بہ ماضی بھی ہوگا یعنی وہ مقتدر جماعت جو موجودہ حکومت کے خلاف ہو تو یہ آرڈیننس آنے سے پہلے بھی اگر پولیس نے مقدمہ درج کیا ہے تو یعنی دو سال پہلے بھی درج کیا ہوا ہے تو یہ آرڈیننس ان پر لاگو ہوگا with retrospective effect تو ان سے واضح کہا جا سکتا ہے کہ یہ بل انصاف کے تقاضوں کے خلاف ہے جو کہ بہت بڑی خامی ہے - دوسری بات میں یہ عرض کرونگا کہ بل میں اس قسم کے اختیارات دیئے گئے ہیں سپیشل کورٹ کو کہ ملزم کے خلاف یا ملزم کا کوئی بیان اگر پولیس دوران تفتیش اس سے زبردستی ٹارچر کر کے اس سے لیتی ہے تو وہ بھی ریکارڈ پر آ سکے گا وہ بھی گواہی ہو جاتی ہے اور اس پر عمل کیا جائے گا آپکو معلوم ہے کہ جب پولیس کسی ملزم کو گرفتار کرتی ہے تو خلاف قانون تشدد کرتی ہے اور ٹارچر کرتے ہیں میں خود جیلوں میں رہا ہوں مارشل لاء میں رہا ہوں ، کیمپوں میں

[Mr. Mohammad Hashim Ghilzai]

رہا ہوں ۔ تو جناب والا ! وہ بیان جو پولیس کے سامنے ہوتا ہے اسکی عدالت کے سامنے کوئی اہمیت نہیں ہوتی ، وہ بیان بھی ریکارڈ میں لائے گی ۔ وہ بیان جو پولیس بذریعہ تشدد لیتی ہے اور وہ بیان شارٹ ہینڈ میں بھی ہو سکتا ہے ان پڑھ آدمی کیا سمجھے گا ۔ اسے اگر ٹائپنگ کی صورت میں یا شارٹ ہینڈ میں ہو تو کوئی ان پڑھ کیا سمجھے گا ۔ ۔ ۔ اگر اس قسم کا بیان پولیس کی رو سے ہوگا تو وہ بھی قابل قبول ہو جائے گا ، اس پر بھی عمل کیا جائے گا اور اس بناء پر بھی اسکو سزا دی جا سکتی ہے یہ کہاں کا انصاف ہے ملزم کو پتہ بھی نہیں ہوگا وہ کسی کے پاس بیٹھا ہوگا اور یہ شارٹ ہینڈ میں لکھ کر عدالت کو دے دے گا تو جناب والا ! اس طرح تمام انصاف کے تقاضوں کا خون کیا جاتا ہے ، ملزم کو موقع نہیں مل سکتا کہ صحیح طریقے سے اپنی صفائی پیش کرے اسکے علاوہ میں سمجھتا ہوں کہ موجودہ حکومت محض اختلاف کو روکنے کے لئے انکو اپنے جمہوری فرائض سے روکنے کے لئے اس قسم کا متشددانہ سنگین مارشل لاء ریگولیشن کو قانون کی شکل دے کر یہاں پر اور ملک میں جمہوریت کا گلہ گھونٹنے کی کوشش کر رہی ہے اسلئے میں اس کی مخالفت کرتا ہوں اور باقی میں تھرڈ ریڈنگ میں عرض کرونگا ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : حاجی سید حسین شاہ :

حاجی سید حسین شاہ : جناب چیئرمین ! مجھے اس ترمیمی بل جو اس وقت معزز ایوان کے سامنے پیش ہے شدید اختلاف ہے گزارش ہے کہ تعزیرات برصغیر میں ۱۱۶ سال سے نافذ ہے برصغیر کے معرض وجود میں آنے سے پہلے اور پاکستان بننے کے بعد کسی حکومت کو یہ ضرورت پیش نہیں آئی کہ تعزیرات کی دفعات ۱۲۱ الف ۱۲۲ اور ۱۲۳ الف کی سماعت کیلئے خصوصی عدالتیں قائم کریں ۔ جناب والا ! پاکستان کا تقریباً ہر صوبہ کسی نہ کسی عدالت عالیہ کے دائرہ اختیار میں ہے اور تقریباً پاکستان کے ہر ضلع میں ڈسٹرکٹ سیشن جج ، اڈیشنل سپیشل جج موجود ہیں جو نہایت خوش اسلوبی سے اپنے کام انجام دے رہے ہیں آئین میں آخری دو ترامیم جو ہوئی ہیں اس کے بعد ہم دیکھتے ہیں کہ حکومت کی طرف سے روزانہ کوئی ایک نیا قانون ہاؤس میں پیش ہوتا ہے جس سے عدالتوں کے اختیارات چھینے جاتے ہیں جناب والا ! اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حکومت یہ نہیں چاہتی کہ ایسے جرائم عام عدالتوں میں چلیں اگر حکومت کا یہ خیال ہے کہ عام عدالتوں میں نہ چلیں تو اس میں بہتر طریقہ تو یہ ہے

کہ ہائی کورٹ میں ایک سپیشل بینچ مقرر کیا جائے بجائے اسکے کہ ایک ہائیکورٹ میں تین ججوں کو لایا جائے اور ایک خصوصی عدالت بنا کر کے انکو یہ اختیار دیا جائے کہ وہ کیمرے میں ۔ ۔ ۔ ۔ کوئی جگہ مقرر نہیں ہے ۔ ۔ ۔ ۔ لہذا میری گزارش ہے کہ عدالتوں میں سپیشل بینچز مقرر کئے جائیں کہ وہ ان جرائم کو چیف جسٹس کی زیر نگرانی اور ضابطہ کے تحت سماعت کرے ۔ جناب والا ! اس ترمیمی بل میں ایک قباحت یہ بھی ہے کہ اس میں اگر کوئی شخص مریض ہو اور بستر مرگ پہ پڑا ہوا ہو اسکے باوجود عدالت کو بھی اگر معلوم ہو کہ وہ شخص سپیشل عدالت میں آنے سے معذور ہے اسکے باوجود اسکے مقدمے کی کارروائی جو ہے وہ اس کی غیر موجودگی میں جاری رہے گی ۔ ۔ ۔ ۔

**حاجی سید حسین شاہ :** جو ایک قسم کی ex-parte سماعت ہوگی اس بیمار ملزم کے خلاف ex-parte فیصلہ ہوگا اسی طرح جناب والا ! اگر کسی مقدمے میں چند ملزم حاضر ہوں تو قاعدہ یہ ہے کہ انہیں اشتہاری ملزم قرار دیا جائے ۔ اس کی جائیداد ضبط کی جائے مگر اس قانون میں یہی ہے کہ اس مفرور ملزم کے خلاف بھی باقی حاضر ملزمان کی موجودگی کی طرح کارروائی ہوگی میں ان الفاظ کے ساتھ اپنی گذارشات ختم کرتا ہوں ۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** شکریہ ۔ سینیٹر شاہ احمد نورانی صدیقی ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** یہ بل جو اس وقت ہم سب کے پیش نظر ہے The Criminal Law (Amendment) Special Court Bill میں سمجھتا ہوں کہ اس بل نے انگریزوں کے دور غلامی کے دور نوآبادیات کی یاد تازہ کر دی ہے ۔ اور غالباً تاریخ اپنے آپ کو دہرا رہی ہے اس بل کے ذریعے سے حکومت نے عدالتی اختیارات کو چیلنج کیا ہے اس بل کے ذریعے سے حکومت نے عوام کے آئینی حقوق کو چیلنج کیا ہے اس بل کے ذریعے سے حکومت نے ہر وہ حربہ اختیار کیا ہے کہ جس کے ذریعے سے پاکستان کے غیور عوام کی آزادی نفس، حریت فکر، آزادی فکر اور عزت نفس کو چیلنج کیا جا سکتا ہے اس کی جتنی مذمت کی جائے اتنی کم ہے اس میں جناب والا ! آپ نے غور فرمایا ہوگا کہ حکومت کی جانب سے یہ کہا جا سکتا ہے کہ ہم نے ہائی کورٹ کے تین ججز کے ذریعے سے ملزمان کو انصاف فراہم کرنے کی کوشش کی ہے لیکن پوری توجہ کے ساتھ اور پوری گہرائی کے

[Maulana Shah Ahmad Noorani]

ساتھ جوں جوں اس بل کا مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ ہائی کورٹ کے ججز کو منتخب کر کے ان کو عدالت عالیہ سے باہر لا کر ان کو صحیح مقام نہیں دیا جا رہا اور اس میں یہ دیکھنا ہے کہ وفاقی حکومت جہاں چاہے عدالت کے مقام کا تعین کرے اس کا مطلب یہ ہے کہ ہائی کورٹ کے جج صاحبان ہائی کورٹ کی عمارت میں نہیں ہوں گے بلکہ باہر ہوں گے اور حکومت جہاں چاہے ان کو بٹھا سکتی ہے اور خاص بات یہ ہے کہ ہائی کورٹ کے تین ججز کا انتخاب وفاقی حکومت کرے گی۔ یہ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کے اختیارات کو چیلنج ہے - ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ اگر وفاقی حکومت کسی کیس میں سپیشل بینچ مقرر کرنا چاہتی تھی تو عدالت عالیہ کے چیف جسٹس سے تین ججز کے سپیشل بینچ مقرر کرنے کے لئے کہہ سکتی تھی لیکن براہ راست وفاقی حکومت نے ان اختیارات کو اپنے ہاتھ میں لے لیا ہے اس کا مفہوم بہر حال یہی ہے - جہاں تک سپیشل بینچ مقرر کرنے کا تعلق ہے اس سلسلے میں مجھے آپ کے سامنے یہ بات کہنے کی ضرورت تو نہیں پیش آئے گی لیکن بہرحال اگر کہہ دیا جائے تو مناسب بھی ہوگا کہ سپیشل بینچ ہائی کورٹ کے تین جج صاحبان پر جو مشتمل ہوا کرتا ہے اس سے پہلے Code of Criminal Procedure میں بھی سپیشل بینچ مقرر کیا جاتا تھا اور تین ججز کا سپیشل بینچ مقرر ہوا کرتا تھا لیکن ہائی کورٹ کے اندر ہی اس کی نشست ہوتی تھی یہ سپیشل بینچ کا قانون انگریزوں کے زمانے کا ہے لیکن اس کی جگہ علیحدہ کہیں نہیں تھی ہائی کورٹ کا ، عدالت عالیہ کا جو وقار ہے ، عدالت عالیہ کا جو ماحول ہے اور جو پُرعزمت روایات ہیں ، ان سے باہر انگریز جج صاحبان کو کبھی نہیں لائے - اس سے پہلے جیسا کہ میں نے مثال کے طور پر عرض کیا کہ انگریز کے دور میں سپیشل بینچ مقر رہوا کرتے تھے اور وہ عدالت عالیہ کے اندر ہوا کرتا تھا اور وہیں اس قسم کے فیصلے ہوا کرتے تھے اور ضابطے کے مطابق جو قوانین تھے ان ہی کے مطابق جج صاحبان فیصلے کیا کرتے تھے عدالت عالیہ کے اختیارات کے سلسلے میں ، میں عرض کر رہا تھا اس میں یہ بھی ہے - اور اسی قانون کے اندر جو اب ہم لا رہے ہیں کہ ہائی کورٹ کے اندر سے براہ راست فیڈرل گورنمنٹ تین جج صاحبان کا انتخاب کرے گی اس طرح میں سمجھتا ہوں کہ رائے عامہ کے سامنے ہائی کورٹ کی عزت افزائی نہیں ہو رہی - ہائی کورٹ کے جج صاحبان کا ، عدالت عالیہ کا مقام یہ ہے کہ وہ اپنے اصل مقام پر موجود رہے اور اسی مقام پر اور اسی جگہ پر تمام مقدمات کی سماعت کرتے رہیں لیکن میں سمجھتا

ہوں اور جیسا کہ میں نے ابتداً عرض کیا کہ موجودہ حکومت کے پیش نظر نہ عدالت عالیہ کا وقار ہے اور نہ عدالت کا وقار ہے اور نہ ان حضرات کا وقار ہے جو کہ اس عدالت کے منصب پر فائز ہیں - آپ نے ملاحظہ فرمایا ہوگا کہ انگریز کے دور میں کئی سخت ترین قوانین تھے کالے قوانین تھے اور جن کی مذمت پورے برصغیر میں کی جاتی تھی ڈیفنس آف انڈیا رول جیسے کالے قوانین بھی تھے لیکن انگریزوں نے کبھی ڈیفنس آف انڈیا رول یا مختلف کالے قوانین کو ، عدالت کو بے وقار کرنے کے لیے یا جج صاحبان کو بے وقار کرنے کے لیے ، استعمال نہیں کیا - موجودہ حکومت کی نظر میں عدالت عالیہ کا وقار صرف اتنا ہے آپ کو معلوم ہے ۱۹۷۳ء میں تھرپارکر کا ایک واقعہ ہے کہ تھرپارکر کے اسپیشل سیشن جج کو ڈی بی آر کے تحت گرفتار کیا گیا اور انہیں جیل میں بند کیا گیا -

**ملک محمد اختر :** میں مداخلت تو نہیں کرنا چاہتا لیکن یہ بات متعلقہ نہیں ہے -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** تو میں یہ عرض کر رہا تھا کے جج صاحب کو عدالت میں ہتکڑیاں پہنا کر لے جایا گیا - اور حکومت نے جو بھی حربہ اس کے خلاف استعمال کر سکتی تھی اس نے وہ کیا - اسی طرح سے وہ وکلاء جو ضمانت قبل از گرفتاری کے سلسلے میں ظاہر ہوئے تھے ملزمان کی ضمانت کے سلسلے میں ، ان وکلاء کو گرفتار کر لیا گیا اس سے آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ حکومت کے عزائم کیا ہیں - اور حکومت عدالت عالیہ کے ساتھ کس طرح کھیل رہی ہے اور تسلسل کے ساتھ کھیل رہی ہے وہ کام جو ماضی میں ، یعنی آج سے دس سال پہلے - اب سے آٹھ سال پہلے آمریت کے دور میں نہ ہو سکا ان کے تخیل میں بھی یہ بات نہ آئی کہ عدلیہ کے وقار کو مجروح کیا جائے - اس مقام پر آج وہ کام ہو رہا ہے اور اس بل کے ذریعے سے یہاں عدلیہ اس کی آزادی اور اس کے وقار کو چیلنج کیا جا رہا ہے وہاں اسی کے ساتھ عوام کو بھی حصول انصاف کے جتنے بھی ذرائع ہیں ان سب کو بند کیا جا رہا ہے یہ تمام تفصیلات اگر ملاحظہ فرمائی جائیں لیکن جتنا بھی زیادہ غور کیا جائے یہ بات پوری طرح واضح ہوتی چلی جاتی ہے کہ پاکستان کے لوگوں کی آزادی ، پاکستان کے لوگوں کے لئے جو سہولتیں ، قانون جسکا کام یہ ہے کہ وہ قوم کو زیادہ سے زیادہ حصول انصاف کے مواقع بہم پہنچائے اور یہی نہیں ہے کہ حصول انصاف کے مواقع بہم پہنچائے بلکہ اسی کے ساتھ ساتھ معاشرے میں یہ

[Maulana Shah Ahmad Noorani Siddiqi]

احساس پیدا کیا جائے کہ انصاف کیا جا رہا ہے اور انصاف کے اثرات مرتب ہو رہے ہیں - لوگ یہ محسوس کریں کہ عدل ، انصاف کا دور دورہ ہے لوگ یہ محسوس کریں کہ واقعی ظلم و تعدی جو ہے وہ اپنے مقام پر ختم ہو رہا ہے- لیکن جناب! زیادہ سے زیادہ قوانین چونکہ آ رہے ہیں اور لائے جا رہے ہیں اور ہم سے پاس کرانے کی کوشش کی جا رہی ہے ان کا جوں جوں مطالعہ کیا جائے ان کی گہرائی میں جایا جائے تو محسوس ہوتا ہے کہ عوام کی آزادی کو بھی چیلنج کیا جا رہا ہے اور انصاف کے حاصل کرنے کے جتنے بھی مواقع ایک فرد کو حاصل ہو سکتے ہیں ان پر کئی قدغنین لگائی جا رہی ہیں اور عدل و انصاف برصغیر کی تاریخ میں بلکہ میں سمجھتا ہوں برصغیر کی تاریخ کو چھوڑئے انگریز کی تاریخ دیکھئے ہم مسلمان کی حیثیت سے اسلامی عدل کے علمبردار ہیں اور اس کو محسوس کریں تو اسلامی عدل کا بھی تقاضہ یہ ہے کہ کسی ایک شخص کو محض اس لئے کہ وہ بیمار ہے ، ہونا تو یہ چاہئیے تھا کہ عدالت کی حاضری سے اس وقت تک اس کو مستثنیٰ قرار دیا جاتا لیکن یہاں ایسا نہیں ہے - ہونا یہ چاہیئے تھا کہ اس کی عدم حاضری کے سبب اس کے کیس کی سماعت نہ ہوتی لیکن ایسا نہیں ہے - بیمار ہے یا کچھ بھی ہے کیس کی سماعت بہر حال جاری رہے گی اور عدالت عالیہ کے جج صاحبان کو اس قانون کے ذریعے اس بات کا پابند کیا گیا ہے کہ وہ انصاف حکومت کی شرط پر مہیا کریں اب آپ خیال فرمائیے ایک تو یہ ہے کہ انصاف حکومت کی شرط پر مہیا کیا جائے اور ایک یہ ہے کہ انصاف ظلم سے نجات دلانے کے لئے مہیا کیا جائے اب حکومت خود ہی قاتل ہے اور خود ہی منصف بننا چاہتی ہے تو اقربا میرے کریں قتل کا دعویٰ کس پر - اب حکومت نے وہ تمام جتنے بھی ذرائع ہو سکتے ہیں ، جتنے بھی وسائل ہو سکتے ہیں ان سب کو اپنے قبضے میں کر لیا ہے انصاف کی تمام راہیں مسدود کر رہی ہے انصاف کی تمام جو راہیں ہیں سب کو اپنے حق میں استعمال کرنا چاہتی ہے - عام آدمی اس قسم کے قوانین سے استفادہ نہیں کر سکتا - جناب والا! اس سلسلے میں خصوصیت کے ساتھ تمام باتیں ابتدائی طور پر جہاں میں نے عرض کیں - وہاں یہ بھی عرض کروں کہ اس بل کے ذریعے سے حصول انصاف کے تمام جتنے بھی ذرائع ہیں عوام ان سے محروم ہو جائیں گے تو ظاہر ہے کہ نفرت تک اور تعصب تک جذبہ موجزن ہو گا - اور ظاہر ہے کہ مزاج میں تلخی پیدا ہو گی جس کے نتائج عدلیہ

انصاف اورحصول انصاف کی تمام جتنی بھی تاریخ ہے اس کو بدل سکتی ہے اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ یہ بل انتہائی خطرناک ہے ، ظلم و تعدی کے دروازے ابھی تک بند نہیں ہوئے اور حکومت نے اگر یہ بھی کر لیا ہے کہ وہ اپنی مرضی کے مطابق لوگوں کو انصاف دے گی تو اس سے ظلم بڑھے گا تو میں سمجھتا ہوں کہ اس کے نتائج سے حکومت بھی بہر حال نہیں بچ سکے گی اس لئے میں اس بل کی مذمت کرتا ہوں ۔ بہتر ہوتا کہ اس بل کو واپس لے لیا جاتا اس لئے کہ یہ قوم کے مفاد میں نہیں ہے اس سے انصاف کا خون ہو گا جس سے ظلم بڑھے گا اور انصاف کے دروازے بھی بند ہو جائیں گے ۔ شکریہ ۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** شکریہ ۔

**محمد ہاشم غلزئی :** نماز کا وقت ہو گیا ہے ۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** کتنی دیر کے لئے ایڈجرن کر دوں ۔

**محمد ہاشم غلزئی :** سات بجے تک ۔

**Mr. Deputy Chairman :** Senate stands adjourned to meet at 7. 00 p.m. sharp.

(ہاؤس نماز کے لئے ملتوی ہو گیا)

(نماز مغرب کے وقفے کے بعد ہاؤس دوبارہ شروع ہوا)

**خواجہ محمد صفدر :** جناب چیئرمین ! یہ قانون ان قوانین کی ایک کڑی ہے جن کے ذریعے ارباب اقتدار نے اس ملک کی عدالتوں پر مکمل عدم اعتماد کا اظہار کردیا ہے ۔ جناب چیئرمین! اس ملک میں نہ صرف اس قانون کے تحت خصوصی عدالتیں قائم کی جارہی ہیں بلکہ اس سے پیشتر ڈی ۔ پی ۔ آر کے تحت خصوصی عدالتیں قائم ہیں ۔ سپریشن ٹیرورسٹ ایکٹیویٹیز ایکٹ کے تحت خصوصی عدالتیں قائم ہیں غرضیکہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ان خصوصی عدالتوں نے اس ملک کی عام عدالتوں کی جگہ لے لی ہے ۔ جناب چیئرمین ! کسی ملک کی تہذیب و تمدن کا انحصار اس بات پر سمجھا جاتا ہے کہ اس ملک میں عدالتی نظام کیسے چلایا جاتا ہے ایک شہرہ آفاق کتاب میں لکھا ہے کہ کسی ملک کے تمدن و ترقی کو ناپنے کے لیے اس ملک کے عدالتی نظام کا جائزہ لینا کافی ہے۔ ہمارے ملک میں بھی بلکہ قیام پاکستان

[Khawaja Mohammad Safdar]

سے قبل بھی اس برصغیر میں جب سے موجودہ عدالتی نظام قائم ہوا ہے شاید ہی کسی موقع پر خصوصی عدالتیں قائم کی گئی ہوں اور جب سابقہ صدر ایوب خاں کے زمانے میں کریمینل لاء ایمنڈمنٹ ایکٹ کے تحت خصوصی عدالتیں قائم کی گئیں جن کو صرف عام میں جرگہ کورٹس کہتے تھے تو تمام ملک بلبلا اٹھا ۔ سراپا احتجاج بن گیا تھا ۔

جناب والا ! آپ کو یاد ہوگا کہ کسی زمانے میں اس ملک کے بعض حصوں میں خصوصیت سے بلوچستان کے بعض حصوں میں اور صوبہ سرحد کے بعض حصوں میں فرنٹیئر کرائمز ریگولیشن نافذ تھا اور خصوصی عدالتیں یا جرگے مقدمات کا فیصلہ کرتے تھے ۔ مجھے یاد پڑتا ہے کہ جسٹس عبدالحمید ، اللہ تعالیٰ غریق رحمت کرے ، انھیں بطور کمیشن اس غرض کے لیے مقرر کیا گیا کہ وہ ان جرگہ لاز کے متعلق اپنی رپورٹ پیش کریں تو انہوں نے اپنی رپورٹ میں بار بار اس بات پر زور دیا ہے کہ یہ خصوصی عدالتیں یا جرگہ لاز یا جرگے تمدن کے ہر معیار کے خلاف ہیں ۔ ملک کے عام نظم و نسق کو ، لاء اینڈ آرڈر کو ملک میں برقرار رکھنے کے لیے اس ملک میں گذشتہ ایک صدی سے زائد عرصہ سے قوانین موجود ہیں ۔ عدالتی نظام موجود ہے اور ہمارے ان حکمرانوں نے جو سات ہزار میل دور سے آ کر ہم پر حکومت کرتے تھے انہوں نے بھی اسی عدالتی نظام کو اپنائے رکھا اور اس میں تغیروتبدل اور اس قسم کی خصوصی عدالتیں قائم کرنے کی ضرورت محسوس نہ کی ۔ وہ ایک استعماری حکومت تھی بیرونی دنیا سے آیا ہوا استعمار تھا اس نے بھی اس ملک کو محکوم رکھنے کے لیے عام قوانین کا سہارا لیا ۔ اور جب کہ ہم یہ دعوےٰ کرتے ہیں کہ یہاں عوامی حکومت ہے ۔ عوام کی منتخب شدہ حکومت ہے ۔ عوام سے ہم نے مینڈیٹ حاصل کیا ہوا ہے ۔ اس وقت ہم عام قوانین کی بجائے خصوصی قوانین کا سہارا لیتے ہیں۔ خصوصی عدالتیں قائم کرتے ہیں اور اپنے اپنے سیاسی مخالفین کو دوامی طور پر محبوس زندان کرنے کے لیے اس قسم کی عدالتیں قائم کرتے ہیں۔ اگر اس قسم کی عدالتوں سے یہ مقصد ہوتا کہ اس ملک سے سمگلنگ کا قلع قمع کیا جائے بددیانتی اور رشوت کا قلع قمع کیا جائے ، ان دونوں لعنتوں کی اس ملک میں اس قدر بھرمار ہے کہ شاید ان کے تدارک کے لیے وہ لوگ جو جمہوری روایات پر یقین رکھتے ہیں اور اپنے اس ملک کی عدلیہ پر اعتماد اور ایمان رکھتے ہیں ان میں سے بھی شاید کچھ لوگ اس بات کے لیے تیار ہو جاتے کہ چلیے ان برائیوں سے نجات حاصل کرنے کے لیے اس قسم کے قوانین کو وقتی طور پر قبول کرلیا جائے ۔ لیکن افسوس صد افسوس

کہ سمگلنگ رشوت اس قسم کے جرائم کے لیے جن کی روک تھام میں ارباب اقتدار ناکام ہوچکے ہیں ان کے لیے تو عام قوانین ہیں۔ قاتلوں، ڈاکوؤں، راہزنوں کے لیے اور سمگلروں کے لیے عام قوانین ہیں لیکن جن لوگوں کے ساتھ یا اس ملک کے جن شہروں کے ساتھ، سیاسی اختلاف ہے ان کے لیے یہ خصوصی عدالتیں ہیں۔ یہ بوچڑخانے ہیں۔ جناب والا! اسی پر اکتفا نہیں کہ خصوصی عدالتیں قائم ہیں۔ ان عدالتوں کے لیے خصوصی پروسیجر، خصوصی طریقہ کار بھی ساتھ نافذ کیا جا رہا ہے۔ زیر بحث قانون کو ھی لیجیے کریمنل پروسیجر کوڈ پر عملدرآمد اس خصوصی عدالت کے لیے لازم نہیں ہوگا۔ اس کے لیے خصوصی طریقہ کار تجویز کیا گیا ہے۔ اسی پر ہی بس نہیں، ایکٹ شہادت جو گذشتہ سوا سو سال سے اس ملک میں نافذ ہے اس کو بھی ردی کی ٹوکری میں اس قانون کے ذریعے پھینک دیا گیا ہے۔ شہادت کے خصوصی طریقے نافذ کیے گئے ہیں۔ اور اس بات پر فخر کیا جاتا ہے کہ اس قانون میں لکھ دیا گیا ہے کہ ایکٹ شہادت میں جو کچھ ہو سو ہو لیکن ہم اسے نہیں مانتے اور یہ خصوصی عدالتیں فلاں فلاں طریقے پر شہادت قلمبند کریں گی۔ بعض شہادتوں کو قابل ادخال اور بعض کو ناقابل ادخال تصور کریں گی۔ جناب چیئرمین! میرے محترم دوست مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی نے اشارۃً اس بات کا ذکر کیا تھا کہ ضابطہ فوجداری میں ایک دفعہ ایسی ہے جس کے تحت ہائی کورٹ کے تین جج صاحبان کا بینچ بن سکتا ہے دفعہ ۹۹ کے تحت۔ اور یہ بینچ اس غرض کے لیے بنایا جاتا تھا اب تو وہ رسم و رواج ھی جاتے رہے۔ نیوز پیپرز پبلیکیشنز ایمرجنسی ایکٹ ۱۹۳۱ کے تحت جو مقدمات اخبار کے ایڈیٹروں اور ناشروں کے خلاف درج ہوں یہ خصوصی بینچ ان مقدمات کی سماعت کرے تاکہ اخبارات کی آزادی تحریر کی آزادی اس ملک میں قائم رہ سکے۔ یہ آج سے پینتالیس سال پہلے کی بات ہے شاید ہم نے ترقی اس میں سمجھی ہے کہ جوں جوں زمانہ گزرتا جاتا ہے ہم الٹی زقند لگائیں۔ پیچھے کی طرف دوڑ لگائیں۔ رجعت قہقہتوں کو ہم نے ترقی تصور کر لیا ہے۔ اب ارباب اقتدار یہ کہتے ہیں کہ یہ ملک ترقی کر رہا ہے اگر عدالتی طور پر دیکھا جائے، کسی اور موضوع کو نہ بھی چھیڑا جائے تو ہم دیکھ سکتے ہیں کہ ۱۸۹۸ سے پہلے انگریزوں کے زمانے میں ایف سی آر دو صوبوں کے کچھ حصوں میں لاگو تھا اب پورا ملک اس کی لپیٹ میں ہے۔

ملک محمد اختر : خواجہ صاحب ایف سی آر کہاں ہے - یہ ایف سی آر ہے کہ ہم تین جج لگا رہے ہیں -

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! محترم وزیر موصوف صاحب فرما رہے ہیں۔ ارشاد فرماتے ہیں کہ تین جج صاحبان مقدمات کی سماعت کریں گے۔ میں نے اس سے قبل عرض کر دیا ہے کہ جتنے بھی مقدمات ہیں Criminal Procedure Code کی دفعہ ۹۹ کے تحت ہائی کورٹ کے حوالے کیجیئے - چیف جسٹس کو اختیار ہو بنچ تشکیل کرے اور ان مقدمات کی سماعت کرائے اگر آپ ایسا کرنے کے لیے تیار نہیں یا میری اس درخواست کو اور میرے دوستوں کی درخواست کو قبول کرنے کے لیے تیار نہیں تو جو شخص بھی آپ ان عدالتوں پر مقرر کریں گے - آپ منتخب کریں گے - جو انتظامیہ منتخب کریگی خواہ وہ کوئی جج ہی کیوں نہ ہو میں اسے جرگے کا ممبر تصور کروں گا - ہائی کورٹ کا جج تسلیم نہیں کروں گا جناب والا ! اگر انہیں عدلیہ کا وقار ملحوظ خاطر ہوتا اور میرے ان بھائیوں کو خیال گزرتا کہ ہم نے ہائی کورٹ کے جج صاحبان کو ان عدالتوں پر لگانا ہے تو اختیارات اپنے پاس کیوں رکھتے - عام قانون کے مطابق ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کو کہتے کہ صاحب ہمیں ایک بنچ کی ضرورت ہے - یہ لسٹ ہے مقدمات کی اس کو try کرنے کے لیے اور جناب ایسی مثال Criminal Procedure میں موجود ہے - اگر ہم اعتراض کرتے تو اس اعتراض میں اتنا وزن نہ ہوتا جتنا آج ہے میرے بعض دوست مجھ سے اختلاف کر سکتے ہیں کہ بے وزن بات ہے لیکن ہم اسے وزن دار سمجھ کر کرتے ہیں اسے محکم بات سمجھ کر کرتے ہیں تو جناب والا ! میں گزارش کر رہا تھا کہ ارباب اقتدار نے ہمارے ملک کی بڑی سے بڑی عدالتوں پر عدم اعتماد کا اظہار کر دیا ہے بلکہ ان مروجہ قوانین پر بھی عدم اعتماد کا اظہار کر دیا ہے جو گزشتہ ایک صدی سے اس ملک میں رائج ہیں - اور نافذ ہیں - ظاہر ہے کہ جس قانون کے ذریعے اس قدر بے اعتمادی کا اظہار ہو کوئی محب وطن شہری ایسے قانون کی تائید نہیں کر سکتا جناب والا ! زیر بحث قانون میں بعض بوالعجبیوں کا بھی اظہار کیا گیا ہے۔ تفصیل سے بات تو دوسری خواندگی میں ہوگی - اشارتاً عرض کرتا ہوں - اس قانون کے تحت جب تک کہ تمام ملزم کسی مقدمے کے عدالت میں حاضر نہ ہو جائیں گے اس وقت تک مقدمے کی سماعت نہیں ہو سکتی - فرض کیجیئے کہ کسی مقدمے میں پندرہ اشخاص مطلوب ہیں - چودہ گرفتار

ہیں اور ایک مفرور ہے تو اس میں یہ لکھا گیا ہے کہ تمام ملزمان کا مقدمہ جو کہ ایک مقدمہ میں مطلوب ہوں گے وہ اکٹھا شروع کیا جائیگا۔ اور جناب والا ! آپ کو معلوم ہے کہ دفعہ ۵۱۲ ضابطہ فوجداری میں اس قسم کے حالات کا مقابلہ کرنے کے لیے ایک طریقہ کار تجویز کیا ہوا ہے۔ وہ یہاں لاگو نہیں ہو گا۔ نتیجہ یہ ہو گا کہ اگر ایک شخص ۱۵ میں سے دو سال تک مفرور رہتا ہے۔ تو باقی ۱۴ ملزم دو سال تک جیل میں پڑے رہیں گے اور ان کے مقدمے کی سماعت نہیں ہو گی اس کی تازہ مثال سکھر کا وہ مشہور مقدمہ ہے جس میں بلوچستان کے کچھ سیاسی رہنما اور کارکن اور نیشنل اسمبلی میں قائد حزب اختلاف محترم عبدالولی خان صاحب ماخوذ ہیں، کی ہے۔ وہ بھی ان ملزموں کی فہرست میں شامل ہیں۔ جناب والا ! تفصیل سے بات بعد میں کروں گا اس میں ایک اور سقم بھی ہے محترم وزیر قانون صاحب متوجہ ہوں کہ عدالت کا کام ہے کہ وہ استغاثہ اور ملزم کو جب تک ملزم کے خلاف مقدمہ ثابت نہیں ہو جاتا۔ دونوں کو ترازو کے دو مساوی پلڑوں میں رکھا جائیگا۔ جو حقوق استغاثہ کو حاصل ہیں وہی حقوق ملزم کو حاصل ہوں۔ لیکن یہاں discrimination ہے۔ استغاثہ کیساتھ ناجائز رعایت ہے اور ملزم کیساتھ ناجائز سختی۔ جہاں استغاثہ کو یہ حق ہو گا کہ وہ کسی وقت بھی اپنی چارج شیٹ تبدیل کر دے Criminal Proce-dure میں بھی اختیار عدالت کو حاصل ہے۔ لیکن وہاں یہ اختیار بھی حاصل ہے اس قانون کے تحت کہ استغاثہ جس وقت چاہے اپنے گواہوں کی فہرست میں تبدیلی کر سکتا ہے لیکن ملزم کا یہ اختیار کہ وہ بھی گواہوں کی فہرست میں تبدیلی کر سکے۔ وہ عدالت کی صوابدید پر ہے لیکن یہ صوابدید عدالت کی استغاثہ کے گواہوں پر عائد نہیں ہوگی۔ وہاں عدالت پابند ہوگی کہ وہ گواہوں میں جب بھی اور جس قسم کی اور مقدمے کی جس Stage پر استغاثہ چاہے وہ فہرست پیش کر سکتا ہے اور عدالت پابند ہو گی لیکن ملزم کی حد تک عدالت پابند نہیں ہو گی۔ جناب والا ! ایک اور نئی بات اس زیر بحث قانون میں درج کی گئی ہے۔ ہمارے ملک کا عام قانون یہ ہے کہ کسی عدالت کی کارروائی خواہ وہ ہائی کورٹ ہو یا سپریم کورٹ ہو۔ اخبارات کو بلا پابندی اس کارروائی کے شائع کرنے کا حق حاصل ہے تاآنکہ عدالت یہ حکم صادر نہ کر دے کہ کارروائی کا فلاں حصہ قابل اشاعت نہیں ہے۔ یہاں اس کے بالکل الٹ ہے اخبارات پر یہ پابندی ہو گی کہ کوئی چیز وہ شائع نہ کریں اگر جب تک عدالت نے اجازت نہ دی ہو۔ رکاوٹ ہے زمین اور آسمان کا فرق ہے تحریر پر جو پابندیاں ہیں

[Khawaja Mohammad Safdar]

ان میں ایک اور پابندی کا اضافہ ۔ جناب والا ! ویسے بھی میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ قانون Haif baked ہے ۔ نیم پختہ ہے آدھا کچا ہے آدھا پکا ہے یہ جو کھائے گا اس کے پیٹ میں درد ہو گا ۔ میں اطلاع دیئے جا رہا ہوں یہ دوستوں کی مرضی پر ہے کہ کون اسے کھاتا ہے ۔ جناب والا ! اس کا سبب یہ ہے کہ ۲۹ دسمبر ۱۹۷۵ کو پہلی بار ایک آرڈیننس جاری ہوا ہے جس کا نمبر ۲۹ ہے آرڈیننس نمبر ۲۹ مجریہ ۲۹ دسمبر ۱۹۷۵ ۔ لیکن اس کے ۴۹ یا ۵۰ دن کے بعد محترم وزیر قانون و پارلیمانی امور کو اس کے نقائص رفع کرنے کے لیے ایک اور لمبا چوڑا آرڈیننس جسکا نمبر ۱۱ ہے اور ۱۹ فروری ۱۹۷۶ کو جاری کرنا پڑا وہ عوام کے سامنے لانا پڑا ۔ ڈیڑھ مہینے کے عرصے میں محترم وزیر صاحب کو یہ احساس ہو گیا کہ یہ قانون نیم پختہ ہے ۔

جناب والا ! پہلے قانون میں اتنی سختی نہیں تھی اسمیں اس حد تک عوام دشمنی نہیں بھری گئی تھی جس حد تک حکومت کی منشا ہے اس لئے یہ دوسرا آرڈیننس لایا گیا ہے اور اس وقت جو زیر بحث بل ہے وہ ان دو آرڈیننسوں کا مرکب ہے ملغوبہ ہے تو میری رائے میں بہت جلد انکو اسمیں بھی ترمیم کرنی پڑے گی اس ملک کے عوام کے حقوق کے پیش نظر مظلوم عوام کے حقوق کے پیش نظر انکو ترمیم کرنی پڑے گی بلکہ میں یہ کہوں گا کہ ان اغراض و مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے جن کے ذریعے یہ عوام کے حقوق چھین رہے ہیں اور عدالتوں کے اختیارات چھین رہے ہیں ان کو پورا کرنے کے لئے اس میں مزید ترمیم ان کو کرنی پڑے گی تو جناب والا ! میں نہایت ہی ادب سے محترم وزیر قانون کی خدمت میں عرض کرونگا کہ وہ اپنے دور میں اس قسم کے سیاہ قوانین کا ایک لا متناعی سلسلہ جاری نہ رکھیں کیونکہ تاریخ ان باتوں کو فراموش نہیں کرتی اور وہ میرے دوست ہیں اس لئے میں چاہتا ہوں کہ ان کا نام سنہری حروف میں لکھا جائے لیکن ان کے اعمال کی وجہ سے مجھے ڈر ہے کہ ۔ ۔ ۔

جناب چیئرمین : سیاہ روشنائی سے لکھا جائیگا ۔

خواجہ محمد صفدر : بڑی سخت سیاہ روشنائی سے لکھا جائیگا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : وہ تو سبھی کا نام جب کاغذ پر آئیگا تو سیاہ روشنائی سے لکھا جائیگا ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** سبز سیاہی بھی ہوتی ہے کیونکہ سینیٹ میں وہی استعمال ہوتی ہے -

**ملک محمد اختر :** مولانا اس لئے ادھر آ گئے ہیں -

**خواجہ محمد صفدر :** تو میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہ اس ملک کے عوام پر رحم کھائیں اور ملک کے ان بنیادی اداروں کی حالت پر رحم کھائیں اور عدلیہ کو جس مقام پر انہوں نے لا کھڑا کیا ہے اس کو واپس لے جا کر اس کو اسی مقام پر کھڑا کریں - شکریہ

(اس مرحلے پر ملک محمد اختر اور سردار اسلم کھڑے ہوئے)

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** دونوں میں سے جو بھی پہلے بولنا چاہے وہ بولے لیکن repetition نہ ہو -

**سردار محمد اسلم :** repetition نہیں ہوگا صرف دو تین منٹ -

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** آپ دونوں میں سے ایک وقت میں ایک ہی بولے گا -

**سردار محمد اسلم :** ایک ہی بولے گا -

**جناب مسعود احمد خان :** مجھے اجازت دی گئی تھی -

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** آپ دونوں آپسمیں فیصلہ کرلیں کہ کون طاقتور ہے -

**جناب مسعود احمد خان :** فیصلہ یہ ہوا تھا کہ فلور مجھے دیا جائیگا -

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** آپ دونوں فیصلہ کرلیں کہ کون بولے گا اور آپ دونوں میں سے کوئی ایک اپنے حقوق دوسرے کو دے دے -

**جناب شیر محمد خان :** جناب ! میں بھی بولنا چاہتا ہوں -

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** نہیں تیسرے کو چھوڑیں -

**سردار محمد اسلم :** تیسرا خطرناک ہوتا ہے -

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** دو میں تیسرا ہمیشہ خطرناک ہوتا ہے -

**خواجہ محمد صفدر :** دونوں اکٹھے بول لیں -

**سردار محمد اسلم :** دونوں اکٹھوں کا تو سوال نہیں ہے - کیونکہ جناب مسعود صاحب

[Sardar Mohammad Aslam]

نے بہت سے ٹیکنیکل سوالات کے جواب دینے ہیں - میں تو ویسے دو تین منٹ میں جو کچھ خواجہ صفدر صاحب نے اور سولانا شاہ احمد نورانی نے فرمایا ہے اس کے متعلق کچھ عرض کروں گا جناب والا ! اس side سے جتنی تقریریں ہوئی ہیں ان کا لب و لباب یہ تھا کہ اس ملک سے انصاف کو ختم کیا جا رہا ہے انصاف کا تحفظ نہیں ہے احساس انصاف نہیں اور کالے قوانین لائے جا رہے ہیں تاکہ اپنے آپ کو کرسی اقتدار پر مضبوط رکھیں -

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** یہ تو انہوں نے کہا ہے آپ دہرائیں نہیں -

**سردار محمد اسلم :** نہیں میں وہ عرض نہیں کر رہا ہوں - جناب پھر اس طرح تو نہیں چلے گا کہ ایک side والے بولیں تو پھر وہ بولتے رہیں پھر ٹھیک ہے کہ ملک اختر صاحب بول لیں -

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** نہیں ، نہیں میرے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ جو کچھ انہوں نے کہا ہے اس کو دہرائے بغیر آپ جواب دیں -

**سردار محمد اسلم :** جناب میں cross examine پر تو نہیں کھڑا ہوں کہ میں سوال کا جواب ہاں یا نہ میں دے دوں وہ تو witness box میں ہوتا ہے کہ سوال کا جواب Yes اور No میں دیا جائے یہ تو بہت مشکل ہے -

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** چلیں آپ دوہرائیں -

**سردار محمد اسلم :** میں دوہراتا نہیں ہوں آخر اتنی بات جس پر انہوں نے stress کیا ہے کہ احساس تحفظ نہیں ہے کالے قوانین لائے جا رہے ہیں تاکہ اپنے آپکو کرسی اقتدار پر رکھیں جناب والا ! یہ جو غریب عوام سے ہمدردی رکھتے ہیں اور جنھیں Judiciary کا اتنا ملال ہے کہ اس Judiciary کی پاور جو ہے وہ curtail کی جا رہی ہیں اور جس کے متعلق خواجہ صفدر صاحب نے فرمایا کہ ہائیکورٹ کے تین جج اگر حکومت مقرر کرلے تو انہیں وہ جرگہ ممبر سے کم تر سمجھیں گے یعنی جس آدمی کو فیڈرل گورنمنٹ خود مقرر کرے اور اگر Chief Justice ہائیکورٹ ججوں کو nominate کر لے تو پھر انکو قبول ہے لیکن اگر چیف جسٹس کو گورنمنٹ مقرر کرے تو وہ کہتے ہیں کہ ہمیں قبول نہیں انکے اپنے دل میں Judiciary کا اتنا احترام ہے اور وہ کہتے ہیں کہ وہ Jirga member سے کم تر ہے حضور ہائیکورٹ کی پاور کا احترام یا Judiciary کا احترام اس عمارت سے نہیں ہوتا جس بلڈنگ میں

ہائیکورٹ مقیم ہے احترام ان آدمیوں سے ہوتا ہے جو ہائیکورٹ کے اندر بیٹھے ہیں انکے conduct سے ہوتا ہے کہ Judiciary میں انکا conduct کیا ہے اس سے احترام پیدا ہوتا ہے کیونکہ لاہور میں ہائیکورٹ کی خوبصورت بلڈنگ میں اگر کسی چھوٹے مجسٹریٹ کو بیٹھا دیں تو وہ ہائیکورٹ کا احترام نہیں لا سکے گا وہ شخص لائے گا جو اس کرسی پر بیٹھا ہوگا اور جس کا انہیں احترام ہے اور اگر انکو اپنی Judiciary پر اعتماد ہے جو آجکل کام کر رہی ہے تو اس Judiciary کے ممبر میں سے ایک آدمی جو single Judge ہوگا اور تین آدمی فیڈرل گورنمنٹ مقرر کر رہی ہے اور جسکا ٹریبونل بن رہا ہے اور جہانتک سپیشل قوانین کا تعلق ہے اسکا حوالہ دیا گیا ہے کہ انگریزوں نے یہ کیا اور اب تک یہ نہیں ہوا اور انگریزوں نے یہ نہیں کیا تو انگریزوں کی یاد میں کم از کم مولانا صاحب کچھ کہتے تو میں حیران نہ ہوتا لیکن خواجہ صاحب کے منہ سے انگریزوں کی یاد مجھے کچھ اچھی محسوس نہیں ہوئی اور جسطرح یہ کہتے ہیں کہ پاکستانی قوم کو احساس تحفظ ہونا چاہیئے اسی طرح پاکستانی قوم بھی یہ توقع رکھتی ہے کہ اسے ایسے قوانین کا احساس تحفظ ہونا چاہیئے کہ اس ملک کو توڑنے والے، اس ملک کی حدود کی زنجیریں بدلنے والے، اس ملک کی قسمت سے کھیلنے والے اور اس ملک کے کروڑوں عوام کی قسمت سے کھیلنے والوں کیلئے بھی حکومت ایسے قوانین بنائے جس سے اس ملک کے ٹکڑے ٹکڑے نہ ہوں اور جسکو تاریخ دوبارہ نہ دہرائے اور اس ملک کے سات کروڑ عوام کی قسمت سے یا اس ملک کی سر زمین سے کھیلا نہ جائے اور خواجہ صاحب نے traditional قوانین کے متعلق فرمایا ہے کہ سو سال تک ان پر انحصار کیا گیا یا ان پر اعتماد کیا گیا ان کو تبدیل نہیں کیا گیا لیکن ایسے قوانین جو اس ملک کے ٹکڑے کریں یا اس ملک کا تحفظ نہ کر سکیں یا ایسے قوانین جو اس ملک کی سر زمین کا تحفظ نہ کر سکیں تو جناب یہ Judiciary پر اعتماد کی بات نہیں اور نہ وہ قرآن کی لکیر ہیں کہ ہم ان قوانین کو جو انگریزوں نے بنائے تھے اور جو Cr. Pc میں تھے یا دیگر قوانین تھے وہ ہم قرآن کی طرح سینے سے لگائیں اور سب کو چھوڑ دیں کھلی چھٹی دے دیں کہ وہ اس ملک کی سر زمین کے ساتھ کھیلیں، اس ملک کی قسمت کے ساتھ کھیلیں اور اس پاک وطن کے ساتھ کھیلیں اور جو انکی مرضی ہو وہ کریں اس قسم کے قوانین قرآن کی لکیر نہیں ہیں اور نہ ہی وہ الہام ہوئے ہیں اور نہ ہی وہ خدا نے بھیجے ہیں کہ

[Sardar Mohammad Aslam]

انکو ضرور تسلیم کیا جائے جناب ملک سے conspiracy کرنے والے ، ملک کو توڑنے والے اور high treason کیلئے جو قانون بنائے جائیں اور خواجہ صاحب نے کہا ہے کہ سمگلنگ ، چوری رشوت ستانی اتنے heinous جرائم نہیں ہیں ۔ جتنا اس ملک کو ٹکڑے کرنا یا اس ملک کو دنیا کی ہستی سے مٹانا یا اس ملک کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے کسی اور کے حوالے کرنا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر : حضور پھر یحییٰ خاں پر مقدمہ چلائیے ۔

سردار محمد اسلم : میں عرض کرتا ہوں میں نے آپکی تقریر بڑی خاموشی سے سنی ہے آپ بھی خاموشی سے سنیے ۔ مسعود صاحب چونکہ جلدی میں ہیں اسلئے میں چھوڑ دیتا ہوں وہ بول لیں ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : میری طرف سے کوئی اعتراض نہیں ہے آپ جتنا بھی چاہیں بولیں ۔

سردار محمد اسلم : تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ high treason اس سے زیادہ heinous جرائم ہیں اور اس قسم کے جرائم کے لئے ایسے ٹریبونل بننے چاہئیں جس میں ہائیکورٹ کے تین جج full bench ہوں اور جس کا فیصلہ اکثریت سے اجتماعی طور پر متفقہ رائے سے ہو اور جس میں وکلاء کو پیش ہونے کی اجازت ہو اور جس میں Evidence Act حاوی ہو اس سے ۔ ۔ ۔

**Maulana Shah Ahmad Noorani Siddiqi :** Question.

سردار محمد اسلم : اور سپریم کورٹ تک اپیل کرنے کے حقوق حاصل ہیں ۔ اس سے زیادہ liberal یہ نہیں ہو سکتا ۔ زیادہ liberal ہونا قوم کیساتھ زیادتی ہو گی کیونکہ قوم کو اس کا تحفظ چاہیے ۔ یہ نہایت effective قانون ہے اسکے ذریعہ فیصلے جلد ہونگے اور اسکی ضرورت ہے ۔ شکریہ ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : مسٹر مسعود احمد خان آخری سپیکر ہونگے ۔ شہزاد گل آپ سیکنڈ ریڈنگ میں تقریر کر لیں ۔

جناب شہزاد گل : صرف دو منٹ مجھے بھی دے دیں ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : آپ سیکنڈ ریڈنگ میں بول لیں ۔ Yes مسٹر مسعود احمد خان ۔

**جناب مسعود احمد خان :** جناب والا ! میں اسلم صاحب سے استدعا کر رہا تھا کہ وہ مجھے پہلے بولنے کا موقع دیں کیونکہ اس بات کا احتمال تھا کہ وہ میرے اکثر پوائنٹس cover کر جائیں گے اور یہی ہوا ۔

جناب والا ! خواجہ صاحب اور انکے رفقاء نے زیر بحث قانون کو کالا قانون کہا ہے اور یہ بھی کہا ہے کہ ملک محمد اختر کا نام تاریخ میں سیاہ حروف سے لکھا جائے گا ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ ۔ ۔ ۔ ۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** یہ بات تو دو دفعہ کہی گئی ہے ۔

**جناب مسعود احمد خان :** جناب والا ! عوامی حکومت نے اس بات کو پہلی مرتبہ محسوس کیا ہے کہ یہ وہ جرائم ہیں جن کا اندراج تعزیرات پاکستان کی دفعہ ۱۲۱ ، ۱۲۲ ، ۱۲۳ اور ۱۲۳ الف اور اسکے علاوہ High Treason Act میں درج ہیں ۔ ان دفعات میں جو کچھ لکھا گیا ہے ان پر میرے دوستوں نے غور نہیں کیا ۔ آج سے کچھ عرصہ قبل ہمارے انہی دوستوں نے فرمایا تھا کہ ہائیکورٹ کے اختیارات کو ختم کیا جا رہا ہے اور آج انہوں نے اپنی تقاریر میں ہائیکورٹ کے ججوں پر عدم اعتماد کا اظہار کیا ہے ۔ مجھے خواجہ صاحب سے جو کہ ایک سینئر وکیل ہیں یہ سن کر دلی صدمہ ہوا کہ یہ tribunal نہیں ہے بلکہ انکے الفاظ میں "بوچڑخانہ" ہے ۔ ہمیں دیکھنا یہ ہے کہ اس قانون کے تحت کیا ایسے ملزموں کو تحفظ حاصل ہے جو ضابطہ فوجداری کے تحت اندراج کیے گئے ہیں ۔ اگر ملزموں کو استحکام حاصل نہیں تو ٹریبونل اسے اپنی choice کا وکیل engage کر دیگی ۔ انہوں نے یہ بھی فرمایا ہے کہ ملزمان اگر عدالت میں حاضر نہیں اور اس میں ۴۱ دوسرے ملزمین ہیں لیکن جبتک وہ عدالت میں حاضر نہیں ہوتے اسوقت تک کیس جو ہے وہ Try نہیں ہو گا ۔ ایسی کوئی Provision اس میں درج نہیں ہے ۔ قتل کے مقدمہ میں ۴۱ ملزمین ہیں اور ان پر ایک ہی نوعیت کا الزام ہے تو مقدمات رد نہیں ہونگے بلکہ ان کو علم ہو گا کہ عام طور پر سیاسی تو نہیں لیکن عام طور پر وہ ملزمین جن پر اس قسم کا heinous offence لگایا جاتا ہے وہ دفعہ ۲۰۵ اور ضابطہ فوجداری کے تحت اپنی appearance dispence with کراتے ہیں ۔ لیکن یہ اس صورت میں ہو گی جب خصوصی عدالت یہ سمجھ لے کہ ملزم اسلئے غیر حاضر ہونا چاہتا ہے کہ کیس کے ٹرائل میں کسی قسم کے impediments پیدا ہو یا دیر ہو ۔ اس صورت میں اسکی غیر حاضری معاف نہیں ہو گی ۔

[Mr. Masud Ahmad Khan]

اب جناب والا ! اسمیں جیسا کہ میرے دوست نے Evidence Act کے procedure کا ذکر کیا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ جوں ہی ملزم عدالت کے سامنے آئے گا اسکا charge پڑھ کر سنایا جائیگا اگر وہ deny کر دے تو prosecution evidence اسکے خلاف قلمبند کیا جائیگا ۔ اسکو اس قانون کے تحت پورا اختیار دیا گیا ہے اور جیسا خواجہ صاحب نے کہا ہے کہ supplementary evidence حکومت کی طرف سے آ سکتا ہے ۔ عام طور پر ضابطہ فوجداری میں صرف statement ریکارڈ ہوتی ہے لیکن یہاں کی بھی دفعات ہیں جو مثل کا ریکارڈ بنے گی ۔ وہ مثل جو اسکے written statement فیصلے کے ۳۰ دن کے اندر اندر جب اپیل دائر کی جائیگی تو وہ اس ریکارڈ کا فیصلہ بن کر سپریم کورٹ میں جائیگی ۔ عام قانون میں اس کا اندراج نہیں ہوتا اس کے علاوہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : آپ ایک ایک نکتہ پر سیکنڈ ریڈنگ میں تفصیلی تقریر کر سکتے ہیں ۔ پالیسی سٹیٹمنٹ تو خواجہ صاحب نے بڑی جامع دے دی ہے ۔

جناب مسعود احمد خان : میں صرف حوالے دونگا۔ جناب والا ! یہاں ملزم ، گواہ اور سٹیٹمنٹ کے الفاظ استعمال کیے گئے ہیں ۔ ٹریبونل اسے ریکارڈ کریگا ۔ وہ ملزموں اور گواہوں کو بلائے گا ۔ اگر وہ عملاً غیر حاضر ہونگے تو پھر تین ججوں پر مشتمل ٹریبونل فیصلہ کریگا کیونکہ

Delay of Justice is denial of Justice

پہلے مقدمہ ایک عدالت میں پیش ہوتا تھا مجسٹریٹ کے پاس تین سال تک مقدمہ دائر رہا ۔ اسکے بعد مقدمہ چلتا رہا اور سپریم کورٹ تک اپیل جائیگی ۔ لیکن یہ وہ جرائم ہیں جن کے بارے میں میرے دوست سردار اسلم صاحب نے کہا ہے کہ یہ ان جرائم کو اور ان کا ارتکاب کرنے والوں کو protection دینا ملک کی سالمیت اور بقاء کے منافی ہے ۔ یہ کیا انصاف کی بات ہے کہ اگر خدا نخواستہ ملک ہی نہ رہا تو عدالتیں کہاں رہیں گی تمام جمہوری ملکوں نے ایسے قوانین میں اس قسم کی تبدیلیاں کی ہیں ۔ ایسے لوگوں کو Squad کے سامنے رکھ کر ختم کیا ہے وہ ملک ہمارے ہمسایہ ملک ہیں جہاں یہ ہوا ۔ جناب والا ! میں اس بل کی پر زور حمایت کرتا ہوں اور وزیر قانون کو مبارکباد دیتا ہوں کہ وہ اس قسم کا قانون لائے ۔ جس میں ہمارے گھر محفوظ رہیں گے میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں ایسے قوانین کو welcome کرنا چاہیے ۔ شکریہ ۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** وزیر قانون ۔

**ملک محمد اختر :** جناب والا ! مجھے تین باتوں کے جواب دینے ہیں ۔ سب سے پہلی بات یہ کہی گئی ہے کہ ہم ججوں کو select کر رہے ہیں ۔ میں یہ واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ اس سپیشل کورٹ کے تحت جو ٹریبونل بنے گی ، اس میں جو تین جج مقرر کیے گئے ہیں وہ متعلقہ ہائیکورٹ کے چیف جسٹس کی سفارش پر مقرر کیے گئے ہیں ۔ اسلئے ان کا یہ کیس تو یہیں fall out ہو جاتا ہے ۔ ہم نے کوئی نام suggest نہیں کیے ۔ جو نام متعلقہ ہائیکورٹ کی طرف سے آئے ہیں وہی مقرر کیے گئے ہیں ۔

دوسری بات انہوں نے قانون شہادت کی ہے ۔ قانون شہادت بدستور موجود ہے ۔ اس میں یہ اضافہ کیا گیا ہے کہ کسی ملزم نے اگر کوئی confession کیا ہے تو وہ بھی ریکارڈ کا حصہ بنے گا ۔ اگر پہلے کسی کورٹ میں کسی کے خلاف فیصلہ موجود ہے تو وہ بھی لایا جا سکتا ہے وہ بطور document لایا جا سکتا ہے ۔

پھر کلاز ۹ میں کہا ہے کہ اگر کوئی نہ آنا چاہے تو انکی طرف سے عدالت کوئی وکیل مقرر کر سکے گی ۔ انہوں نے جتنی باتیں کی ہیں وہ سب کی سب بے بنیاد ہیں ۔ باقی compliments کیلئے میں مشکور ہوں ۔ یہ قطعاً جرگہ سسٹم نہیں ہے ۔ ہائیکورٹ کے تین جج بیٹھے ہیں جو evidence کو بلایا کریں گے ۔ میں کہونگا کہ اس قسم کی کوئی بات نہیں کی گئی ہے جس سے Justice deny کیا گیا ہو ۔ میں اس سے زیادہ اور کچھ نہیں کہہ سکتا ۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** اب آپ کی اجازت ہو تو موشن پڑھوں ؟

**ملک محمد اختر :** ٹھیک ہے جناب ۔ ۔ ۔ ۔

**Mr. Deputy Chairman :** Now, the motion moved is :

> "That the Bill to provide for the trial by a Special Court of certain offences [The Criminal Law Amendment (Special Court) Bill, 1976], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Deputy Chairman :** The motion is carried.

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! میری گزارش ہے کہ سیکنڈ ریڈنگ کل پر ملتوی کر دی جائے ۔

ملک محمد اختر : ابھی دس منٹ میں ہو جائے گی ۔

خواجہ محمد صفدر : آپ فکر نہ کریں آپکی کمی پوری کر دیں گے ابھی تو جمعہ تک بیٹھنا ہے آپ کا یہ کام ختم ہو جائے گا ۔ میں جناب چیئرمین ! ایک بات عرض کر دوں کہ حقیقت میں میں آرڈر آف دی ڈے پر پہلی ترمیم پر تیار ہوکر آتا تھا اور میرا یہ خیال نہیں تھا کہ ۔ ۔ ۔ ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : آپ امنڈمنٹ پہ تیار تو ہو کر آئے ہونگے ۔

خواجہ محمد صفدر : اس وقت تو میرے ذہن میں نہیں ہے ۔ پڑھنے کیلئے تو وقت چاہئیے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : دو تین چلا لیتے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر : آٹھ بجنے والے ہیں اب کوئی فائدہ نہیں ہو گا ۔ آپکی کمی ہم پوری کر دیں گے میرا خیال ہے یہی بہتر ہے ۔ آپ نے تو ایک ہی فقرے میں ہمارے تمام دلائل کو ختم کر دیا ۔

**Mr. Deputy Chairman**: The Senate stands adjourned to meet tomorrow at 9.30 a. m.

---

*(The Senate adjourned to meet again at half past nine of the clock in the morning, on Tuesday, April 13, 1976.)*

---